SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر IX مجریہ ۲۰۰۱

SINDH ORDINANCE NO.IX OF 2001

سندھ مالیاتی قانون (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۱

THE SINDH FINANCIAL LAWS (AMENDMENT) ORDINANCE, 2001

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ V کی دفعہ ۴ کی ترمیم
Amendment of section 4 of W.P Act V of 1958
۳۔ ۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXII کے شیڈول کی ترمیم
Amendment of schedule of W.P Act XXXII of 1958
۴۔ ۱۹۹۰ کے سندھ ایکٹ IV کی فعات ۸ اور ۹ کو ختم کرنا
Omission of section 8 and 9 of Sindh Act IV of 1990
۵۔ ۱۹۹۴ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۷ کو ختم کرنا
Omission of section 7 of Sindh Act XIII of 1994

سندھ آرڈیننس نمبر IX مجریہ ۲۰۰۱

SINDH ORDINANCE NO.IX OF 2001

سندھ مالیاتی قانون (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۱

THE SINDH FINANCIAL LAWS (AMENDMENT) ORDINANCE, 2001

تمہید (Preamble)

[۲۷ جنوری ۲۰۰۱]

آرڈیننس جس کی توسط سے صوبہ سندھ میں چند ٹیکسز اور فیس کو معقول بنایا اور ختم کیا جائے گا۔

جیسا کہ صوبہ سندھ میں چند ٹیکسز اور فیس کو معقول بنانا اور ختم کرنا مقصود ہے؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ والے اعلان کے تحت اور پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر نمبر۔ ۱ کے تحت معطل ہے؛

اور جیسا کہ گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے؛

لہذا اس لیئے، مندرجہ بالا اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں ۱۹۹۹ کا پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر۔ ۹، اور اس سلسلے میں ملے ہوئے تمام اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ مالیاتی قانون (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۱ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ V کی دفعہ ۴ کی ترمیم

Amendment of section 4 of W.P Act V of 1958

۲۔ سندھ شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس ایکٹ، ۱۹۵۸ کی دفعہ ۴ میں:

(a) شق (c) کی ذیلی شق (i) میں، الفاظ "چھہ سو" کے لیئے الفاظ "آٹھ سو اور چونسٹھ" کو متبادل بنایا جائے گا۔

۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXII کے شیڈول کی ترمیم

Amendment of schedule of W.P

(b) شق (g) میں، الفاظ "پانچ ہزار" کے لیئے

الفاظ "سات ہزار اور دو سو" کو متبادل بنایا جائے گا۔

Act XXXII of 1958

۳۔ سندھ موٹر گاڑیاں ٹیکسیشن ایکٹ، ۱۹۵۸ کے شیڈول میں:

(a) جریاں نمبر ۴ میں شق (iii) کے بعد، مندرجہ ذیل وضاحت شامل کی جائے گی:

"وضاحت: اس شق کے مقصد کے لیئے، سیٹوں کی گنجائش میں ڈرائیور اور کنڈکٹر کی سیٹ شامل نہیں ہوگی۔"۔

(b) جریاں نمبر ۵ کے آخر میں، مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

"بشرطیکہ شقوں (a)، (b) اور (c) میں بیان کردہ موٹر گاڑیوں پر ٹیکس کے سلسلے میں، کمرشل گاڑیوں کے علاوہ، گاڑیوں کی پہلی رجسٹریشن سے ٹیکس کی ادائگی کے دس اور پندرہ سالوں کے مکمل ہونے پر، ترتیبوار پچھتر اور پچاس فیصد کی قیمت پر ٹیکس ادا کیا جائے گا۔"۔

۱۹۹۰ کے سندھ ایکٹ IV کی فعات ۸ اور ۹ کو ختم کرنا

Omission of section 8 and 9 of Sindh Act IV of 1990

۴۔ سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۹۰ کی دفعہ ۸ اور ۹ کو ختم کیا جائے گا۔

۱۹۹۴ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۷ کو ختم کرنا

Omission of section 7 of Sindh Act XIII of 1994

۵۔ سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۹۴ کی دفعہ ۷ کو ختم کیا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا